# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور

نمبر: 65 - رجسٹریشن
مورخہ 16 / اکتوبر 2025

بخدمت:

## ری ایڈمیشن شیڈول / نوٹیفکیشن

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات

گورنمنٹ / پرائیویٹ الحاق شدہ کالجز / ہائیر سیکنڈری سکولز

واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان: **ری ایڈمیشن شیڈول برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ تعلیمی سیشن 27-2025ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹر پارٹ فرسٹ برائے تعلیمی سیشن 27-2025 میں (Re-Admit) کیٹگری کے تمام امیدواران کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ری ایڈمیشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع ادا شدہ فیس کا بنک چالان و ترسیلی لیٹر کے ہمراہ بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری / کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے کے بعد آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور ری ایڈمیشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں پہنچنے کی تاریخ۔ |
|---|---|---|
| 1۔ | بغیر لیٹ فیس | **مورخہ 16-10-2025 تا 14-11-2025 تک مبلغ-/4000 روپے فی امیدوار** |
| 2۔ | مقررہ تاریخ کے بعد آن لائن کرنے کی صورت میں فی طالب علم / طالبہ کی یومیہ-/300 روپے جرمانہ کے ساتھ | **انٹر پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2026 کے انعقاد سے تین یوم قبل تک** |
| 3۔ | **مورخہ 14-11-2025 کے بعد ری ایڈمیشن کی اجازت نہ ہوگی۔** | |

**ضروری نوٹ** واضح رہے کہ مقررہ تاریخ تک آن لائن کیے گئے امیدواران کی ری ایڈمیشن فیس بنک میں جمع کرانے کے بعد آن لائن ری ایڈمیشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی و فیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ-/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ-/3,000 روپے جرمانہ (کالج / ہائیر سیکنڈری سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ مقررہ تاریخ کے اندر ری ایڈمیشن رجسٹریشن فیس بنک میں جمع کروا کر ہارڈ کاپی بورڈ میں وصول نہ ہونے کی صورت میں یہ جرمانہ عائد ہوگا بصورت دیگر درج بالا شیڈول کے مطابق جس تاریخ کو بنک میں فیس جمع کروانے کے بعد بورڈ میں ریٹرن وصول ہوگی اسی دن کے مطابق شیڈول نافذ العمل ہوگا۔

## ضروری ہدایات برائے ری ایڈمیشن

(i) انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ سابقہ پانچ سال (امتحان 2021ء تا 2025ء) میں کسی بھی مضمون / مضامین میں 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے / فیل / غیر حاضر ریگولر / پرائیویٹ امیدواران مورخہ 14-11-2025 تک مضمون / مضامین / گروپ / Combination تبدیل کر کے یا تبدیل کیے بغیر گیارہویں جماعت میں دوبارہ صرف ایک مرتبہ بہاول پور بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی تعلیمی ادارہ میں Re-Admit کیے جاسکیں گے۔

(جاری ہے)

( ii ) انٹر میڈیٹ پارٹ فرسٹ 2021ء تا 2024ء کے امتحان میں شمولیت اختیار کرنے والے فیل/غیر حاضر/رزلٹ کینسل کروانے والے یا کسی بھی مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کرنے والے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران اس امر کا حلفیہ بیان بھی دیں گے کہ انہوں نے دوبارہ انٹر میڈیٹ پارٹ فرسٹ/انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ یا (مشترکہ) انٹر پارٹ فرسٹ/سیکنڈ کا امتحان نہ دیا ہے نیز غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت ان کی رجسٹریشن/نتیجہ منسوخ/کالعدم قرار دیا جائے گا۔

( iii ) انٹر میڈیٹ پارٹ فرسٹ 2021 تا 2025ء میں پاس شدہ پرائیویٹ/ریگولر امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کے لیے اپنا پاس شدہ نتیجہ کی منسوخی کے لیے درخواست/اصل رزلٹ کارڈ/مجوزہ فیس اور اصل بیان حلفی (تصدیق شدہ اوتھ کمشنر) بنام اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر) کو ارسال کریں نیز نتیجہ کی منسوخی بارے مزید معلومات کے لیے شعبہ انٹر (062-9255091) سے رابطہ کریں۔

( iv ) نتیجہ منسوخ کروانے والے پرائیویٹ/ریگولر امیدواران ری ایڈمیشن کے بعد کسی بھی مرحلہ پر پوزیشن/انعام کے حقدار نہیں ہوں گے۔

( v ) کوئی بھی امیدوار انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ کی امتحانی رول نمبر سلپ جاری ہونے کے بعد انٹر پارٹ فرسٹ میں دوبارہ رجسٹریشن/ری ایڈمیشن کا اہل نہ ہے۔

( vi ) ری ایڈمیشن کے بعد امیدواران کا سابقہ رجسٹریشن نمبر ہی برقرار رہے گا نیز طلباء/طالبات Re-Admission کی سہولت صرف ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں۔

( vii ) ری ایڈمیشن رجسٹریشن فیس بذریعہ UBL بنک 1 Bill, Easy Paisa اور Jazz Cash جمع کروا کر اصل رجسٹریشن ریٹرن، اصل فیس چالان بمعہ CPR (Computerized Payment Receipt) انچارج رجسٹریشن بورڈ ہذا کو مقررہ تاریخ تک ارسال کریں۔

(عدیل شہزاد مالک)

**سیکریٹری**

<u>کاپی برائے اطلاع/ضروری کارروائی ۔</u>

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ
(2) ڈائریکٹر تعلیم کالجز، بہاول پور ڈویژن بہاول پور۔
(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔
(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔
(5) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)۔
(6) داخلی تقسیم/نوٹیفکیشن فائل۔

(محمد شفیق انجم)

**آفیسر انچارج (رجسٹریشن)**